© rasailojaraid.com



سمیع الحق کی ڈائری'' کی ورق گردانی میں گزرا بہت محظوظ اور مستفید ہوا۔ مولانا محترم موفق من اللہ ہیں کہ دینی جدوجہد کے مختلف شعبوں میں علماء وعوام کی راہنمائی کے ساتھ ساتھ عملی محنت بھی کرتے ہیں جبکہ جدوجہد کے اہم پہلوؤں کی تاریخ کے ریکارڈ میں حفاظت بھی فرماتے ہیں جو ہمارے جیسے لوگوں کے لیے بلاشبہ قابل رشک ہے۔

ڈائری کے مختلف حصوں کے مطالعہ سے دینی تحریکات کے مختلف روداد کی یاد تازہ ہوئی اور بعض حوالوں سے خود اپنے ذہن میں پائی جانے والی تشنگی بھی دور ہوئی۔ دارالعلوم حقانیہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ تو خود تاریخ ہیں جس کی نقش نگاری میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کا کردار سب سے نمایاں ہے اور مجھے اس بات پر بہت خوشی ہے کہ انہیں آپ اور مولانا راشد الحق سمیع جیسے فاضل معاونین کی ٹیم گھر سے میسر آ گئی ہے۔ آپ حضرات کی کاوشوں کو دیکھ کر دلی اطمینان محسوس کرتا ہوں اور دعا گو رہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سب کو نظر بد سے بچائیں اور اپنے عظیم علمی خانوادہ کی روایات کو زندہ رکھنے کی توفیق سے نوازیں۔ آمین یارب العالمین۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اور دیگر سب حضرات اور عزیزوں سے سلام مسنون عرض کر دیں۔


موتمر المصنفین کی نئی پیشکش

تذکرہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ

پشتو زبان میں پہلی مرتبہ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحبؒ کی سوانح وافکار سیاسی، جہادی اور علمی خدمات پر دلآویز تذکرہ

ازقلم:

پروفیسر ڈاکٹر افضل رضا

معروف ادیب، سکالر، دانشور

بغیر ڈاک خرچ کے ۲۵۰ روپے بمعہ ڈاک خرچ ۳۲۰ روپے

برائے رابطہ: 03339094854 - 0345 9414977 -0923-630435

ناشر: مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ کے پی کے


© rasailojaraid.com